شعبہ جات

دارالقرآن

(1) دارالقرآن میں درج ذیل شعبہ جات ہیں:

1۔قاعدہ: شعبہ قاعدہ میں تقریباً پانچ سال کے بچے اور بچیوں کو قرآن مجید قواعد وضوابط سے پڑھایا جاتا ہے جس کو قاعدہ کہتے ہیں۔ تاکہ بچہ آسانی سے ناظرہ قرآن مجید پڑھ سکے۔

۲۔ناظرہ: شعبہ ناظرہ میں تقریباً 6 سال کے بچے/ بچیوں کو دیکھ کر قرآن مجید تجوید کے ساتھ پڑھایا جاتا ہے۔ جس میں ایک سال میں بچے/ بچیوں کو قرآن مجید کے الفاظ کی صحیح ادائیگی اور عمدہ تجوید کے ساتھ قرآن پڑھنے کے قابل بنایا جاتا ہے۔

۳۔حفظ: شعبہ حفظ میں 7 سال کے بچے/ بچیوں کو قرآن مجید حفظ شروع کروایا جاتا ہے۔ جس میں تقریباً دو سے تین سال میں بچہ حفظ قرآن مجید مکمل کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہے۔

۴۔گردان: شعبہ گردان میں حفاظ بچوں کو ایک سال کے اندر وفاق المدارس کے زیر اہتمام بورڈ کے امتحان کی تیاری کروائی جاتی ہے تاکہ بچہ امتحان میں نمایاں کامیابی حاصل کر سکے۔

۵۔دورۂ تفسیر

اِس شعبہ میں ڈیڑھ ماہ تک قرآن کریم کا ترجمہ، تشریح اور تفسیر کا کورس پڑھایا جاتا ہے۔

۶۔معلمہ کورس

یہ خواتین کے لیے ایک سالہ تربیتی کورس ہے جس میں عورتوں سے متعلق منتخب آیات، منتخب احادیث، تجویدِ قرآن، مسائلِ نماز، خواتین کے مخصوص مسائل اور دیگر معاشرتی مسائل پڑھائے جاتے ہیں۔

(۲) میٹرک اسکول سسٹم: شعبہ اسکول میں تقریباً تین سال کے بچہ/ بچی کو Nursery کلاس میں داخلہ دیا جاتا ہے۔ جس کے بعد بچہ، Class 2,Class 1, 2-k g, 1-K g اور (تین سالہ دورانیہ حفظ) یہ تمام کلاسز پڑھنے اور حفظ مکمل کرنے کے بعد بچہ دس سے گیارہ سال کی عمر میں (فاسٹ ٹریک اسکول سسٹم) میں آتا ہے۔ جس میں بچہ/ بچی پانچ سال کے مختصر دورانیہ میں میٹرک کی تعلیم بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن کراچی سے دلوائی جاتی ہے۔

(3) درسِ نظامی

درسِ نظامی (عالم کورس) میں آٹھ درجات ہوتے ہیں، درجہ اولی سے لے کر درجہ دورۂ حدیث تک۔ آٹھ سال کی مدت میں یہ درجات پڑھنے والا ''عالمِ دین'' کہلاتا ہے۔

(4) تخصص فی الفقہ والافتاء

یہ ایک سالہ مفتی کورس ہے جس میں معتد بہ کتب فتاویٰ کا مطالعہ کرایا جاتا ہے اور فتوی دینے اور لکھنے کے آداب سکھائے جاتے ہیں۔

(5) دراسات دینیہ

یہ عوام الناس کے لیے تشکیل دیا گیا دو سالہ دینی تربیتی کورس ہے جس میں تفسیر، حدیث، فقہ، عربی اور دیگر کتابیں پڑھائی جاتی ہیں۔

(6) تصنیف وتالیف

اِس شعبہ کے تحت عوام اور خواص کے فائدے اور دینی رہنمائی کے لیے وقتاً فوقتاً دینی کتابیں شائع کی جاتی ہیں۔ خاص طور پر اِس وقت حافظ الحدیث حضرت مولانا محمد عبداللہ درخواستی رحمہ اللہ کے تفسیری افادات پر مشتمل قرآن کریم کی تفسیر ''تفسیر انوار القرآن'' پر کام جاری ہے۔ تفسیر انوار القرآن کی پہلی جلد چھپ کر منظر عام پر آچکی ہے۔

ہر تیسرے مہینے خالص دینی اور اصلاحی سہ ماہی رسالہ (میگزین) ''انوار القرآن'' شائع کیا جاتا ہے، جس میں عوام، علماء، طلبہ، خواتین اور بچوں کے لیے تربیتی، اصلاحی، دینی و علمی مضامین ہوتے ہیں۔

اِس کے علاوہ مشہور با کرامت بزرگ حضرت مولانا محمد عبداللہ درخواستی رحمہ اللہ کے حالاتِ زندگی پر بھی ایک کتاب ''حافظ الحدیث نمبر'' چھپ چکی ہے۔

دارالافتاء

دارالافتاء میں عوام الناس کے روزمرہ مسائل مثلاً نماز، روزہ، زکوۃ، حج، نکاح، طلاق، میراث، تجارت وغیرہ سے متعلق سوالات کے، قرآن وحدیث کی روشنی میں تحریری وزبانی جوابات دیئے جاتے ہیں۔